## سوال

(588)آپ ﷺ نے قربانی کہاں کی حج یا عید الاضحی پہ ؟

## جواب

السلام علیکم ورحمة اللہ وبرکاتہ

کیا رسول اللہ ﷺ نے حج کے مواقع کے علاوہ عید الاضحی پہ قربانی دی ہے ؟

---

# الجواب بعون الوہاب بشرط صحة السؤال

وعلیکم السلام ورحمة اللہ وبرکاتہ!

الحمد للہ، والصلاة والسلام علیٰ رسول اللہ، أما بعد!

رسول اللہ ﷺ نے حج کے مواقع کے علاوہ عید الاضحی پہ قربانی دی ہے صحیح بخاری اور صحیح مسلم میں ہے

«عَنْ أَنَسٍ قَالَ : ضَحّٰی رَسُوْلُ ا ِ ﷺ بِکَبْشَیْنِ أَمْلَحَیْنِ أَقْرَنَیْنِ ذَبَحَھُمَا بِیَدِہٖ وَسَمّٰی وَکَبَّرَ»

''حضرت انس رضی اللہ عنہ سے روایت ہے انہوں نے کہا رسول اللہ ﷺ نے دو مینڈھے سیاہ وسفید رنگ کے سینگوں والے قربانی کیے آپ ﷺ نے ان کو اپنے ہاتھ سے ذبح کیا اور اللہ کا نام لیا اور اللہ اکبر کہا''

ھذا ما عندي واللہ أعلم بالصواب

## احکام و مسائل

## قربانی اور عقیقہ کے مسائل ج1ص 433

محدث فتویٰ